یسوع نے دلی پاکیزگی کے لیے جو یونانی لفظ استعمال کیا ہے وہ ہے ''کتھارس'' جس کا مطلب ہے گندم کو ہوا کے زور پر صاف کرنا، یا مے کو خالص ترین بنانا، اس لفظ کو استعمال کرنے کے اسباب یہ ہیں کہ کسی چیز کی ملاوٹ نہ تھی۔ یسوع نے کہا کہ ان کے لیے جودلی طور پر پاک ہونا چاہتے ہیں ' ان کو لازم ہے کہ وہ پیالے کو مکمل طور پر اندر سے صاف کرے' '' پس چاہیے کہ تم کامل ہو جیسے تمہارا آسمانی باپ کامل ہے'' (متی 5:48
یسوع کی توقعات پر پورا اترنے کے لیے، یسوع کا اپنے پیروکاروں کے لیے سوال یہ ہے۔ کہ یسوع ہم سے کیا توقع رکھتا ہے کہ ہم دلی طور پر اتنے پاکیزہ ہو جائیں کہ 'کامل' ہو جائیں۔
میرے خیال میں سوال کا جواب دینے کا ایک حصہ یہ بھی ہے کہ ہمیں واضح ہو کہ 'کامل' ہونے سے یسوع کی کیا مراد ہے۔ اس کے لیے ایک لفظ جو کہ ہے اسم صفت''ٹیلی اس'' استعمال ہوا ہے جو کہ اسم ذات ''ٹیلس'' سے لیا گیا ہے۔ جس کا مطلب ہے 'مقصد'۔ یہ واضح ہے کہ یسوع کی 'کامل' ہونے کی اصطلاح سے یہ مراد ہے کہ ہم اپنی قابلیت کو پہچانیں۔ ہمیں 'خدا کی صورت پر بنایا گیا ہے' تاکہ ہم اپنی ذات سے خدا کی محبت کوسچائی کے ساتھ ظاہر کر سکیں۔ تو جہاں تک یسوع کا ہماری کاملیت سے تعلق ہے ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زندگیونمیں خدا کا نور چمکنے دیں۔ تاکہ لوگ ہمارے نیک کام دیکھ کر ہمارے باپ کی جو آسمان پر تمجید (کریں' (متی5:16

یہ واضح ہے کہ یسوع کی ہم سے توقعات کا تعلق ہمارے بے عیب ہونے سے نہیں اور اس کا تعلق ٹھوس ایمان سے ہے، لیکن جو کچھ واضح نہیں ہے وہ یہ ہے کہ ہم ٹھوس ایمان کیسے حاصل کریں۔
اکثرمسیحت کا علم رکھنے والے یہ کہتے ہیں کہ اس کا مطلب ہے کسی حد تک یسوع کا حصہ بننا۔ یا محتاط طریقے سے اپنے آقا کے قدموں کی پیروی کرنا اور اپنے کردار میں اس کے اقدار کو شامل کرنا۔ یسوع ہمیں ابھارتا ہے کہ جو اس نے جسمانی طور پر کیا وہ اقدار ہم بھی اپنے آپ میں شامل کر سکتے ہیں۔
پہاڑ پراس پیغام میں وہ خوبیاں جو ہم اپنے آپ میں شامل کر سکتے ہیں وہ ہیں۔ انسانیت، روحانیت، اپنے آپ پر قابو، راستبازی، رحم، کاملیت، عدم تشدد، اور مضبوطی۔
کچھ مذہب کا علم رکھنے والے 'ڈال ویلارڈ کی طرح ہیں' یہ عقیدہ رکھتے ہیں کہ یسوع نے پہاڑ پر یہ کہا کہ اس کے اقدار کو اپنانے کے لیے،یسوع کی طرف سے اس کے شاگردوں کو بتائے گئےاعلیٰ اصولوں اور معاشرے کے بتائے گئے ادنیٰ اصولوں کے درمیان فرق کرنے کے قابل بننا پڑا۔ اور کویسوع کے بتائے گئےاعلیٰ اصولوں اور معاشرے کے بتائے گئے ادنیٰ اصولوں کی مشق کرنے کے لیے وعدہ کرنا پڑا۔
مثال کے طور پر یسوع نے 'خون نہ کرنے کے اصول کے مترادف اپنے شاگردوں سے کہا کہ غصہ نہ کرو،

یسوع کے مشن کے اعلیٰ اصول	یہودیوں کی ادنیٰ روایات
لیکن میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ جو کوئی اپنے بھائی پر غصے ہوگا اور جو اسکو احمق کہے گا وہ آتشِ جہنم کا 5:22سزاوار ہوگا۔	تم سن چکے ہو کہ اگلوں نے کہا تھا کہ خون نہ کرنا اور جو کوئی خون کرے گا 5:21عدالت کی سزا کے لائق ہوگا۔

اس نظریے کا مسلہ یہ ہے کہ اعلیٰ اصول جو کہ بیان کیا گیا ہے وہ مکمل طور پر غیر حقیقی اصول ہے۔دراصل غصہ نہ کرنے کا اعلیٰ اصول بائبل کا اصول نہیں ہے، بالکل کیونکہ یہ غیر حقیقی اصول ہے، ہماری کوئی بھی پختگی کی مثال بائبل میں نہیں ہے۔یسوع نے بھی – اس اصول کی مشق نہیں کی۔ نہ صرف یسوع نے غصہ کیا (متی17-21:12) بلکہ اس نے موقع کے حساب سے اپنے مخالفوں کو 'بے وقوف کہا'۔ (متی23:17)۔

.

مذہبی عالم جیسے، گلن سٹیسن اور ڈیوڈ گوشی، کا عقیدہ ہےکہ، اگرچہ مقدس مسیحی عالم ڈالس ویلارڈ کی طرح ہیں،وہ اس پیغام کا دعویٰ کرنے میں درست ہیں جو یسوع نے پہاڑ پر دیا کہ اس کے شاگردوں کویسوع کے بتائے گئےاعلیٰ اصولوں اور معاشرے کے بتائے گئے ادنیٰ اصولوں کے درمیان فرق کرنے کے قابل بننا پڑا۔ وہ بذاتِ خود اعلیٰ اصولوں کا فرق واضح کرنے میں غلطی

کرتے رہے ہیں۔ انہوں نے اعلیٰ اصولوں کو غیر حقیقی پایا جن پر یسوع نے زور نہیں دیا۔ ہم میں سے وہ جو کلام کے طور پر ان اصولوں کی پیروی کرتے ہیں وہ گہری مایوسی کا شکار ہوتے ہیں۔
اگر ہم احتیاط کے ساتھ یسوع کے اس پہاڑی پر وعظ کو پڑھیں، تو ہم غور کریں گے کہ یسوع نے اپنے اصولوں اور اور معاشرے کے اصولوں کے درمیان تضاد پیش کیا ہے،اس نے معاشرے کے ادنیٰ اصولوں کو پہلے اور اپنے اصولوں کے بعد میں بیان نہیں کیا۔ اس نے معاشرے کے اصولوں کو پہلے پیش کیا، ظلم کے چکر کے غیر تحلیل شدہ مسائل، جو معاشرے کے ادنیٰ اصول ہیں ان کا تعلق دوسرے یعنی یسوع کے اعلیٰ اصولوں سے نہیں ہے، جو کہ انفرادی طور پر دنیا کے مسائل حل کر سکتے ہیں، تیسرا یسوع کے اصول جو کہ دراصل حقیقی ہیں لیکن یہ بہت زیادہ تخلیقی اور ابھارنے والے اقدام ہیں۔ جو اس کے دوسرے نہیں بلکہ تیسرے بیان میں ملتے ہیں۔

ابھارنے والے اقدام	بے رحم چکر	روایاتی معیار
پس اگر تو قربان گاہ پر اپنی نذر گزرانتا ہو اور وہاں تجھ کو یاد آئے کہ میرے بھا ئی(بہن) کو کجھ سے کچھ شکایت ہے۔ تو وہیں قربان گاہ پر اپنی نذر چھوڑ دے اور جا کر پہلے اپنے بھائی (بہن) سے ملاپ کر تب آ کر اپنی نذر گذران۔ جب تو اپنے بھا ئی کے ساتھ راہ میں ہے اس سے جلد صلح کر لے جو تجھے عدالت کے حوالہ کرنے کو ہے۔ (متی 26-5:23) (نئی ضرورت)	لیکن میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ جو کوئی اپنے بھائی پر غصے ہوگا اور جو اسکو احمق کہے گا وہ آتشِ جہنم کا سزاوار ہوگا۔ 5:22 زبانی /غیر تحریری	تم سن چکے ہو کہ اگلوں نے کہا تھا کہ خون نہ کرنا اور جو کوئی خون کرے گا عدالت کی سزا کے لائق ہوگا۔ 5:21 پرانی ضرورت

یہ واضح ہے کہ یہاں دوسرے نقطے پر نہیں بلکہ تیسرے نقطے پر زور دیا گیا ہے۔ وہ ضرورت جس کو ہم نے دل میں بسانا ہے وہ غیر حقیقی نہیں ہے یعنی غصہ نہ کرنے کی حکمتِ عملی،لیکن اس بےیقنی میں ایک تخلیقی تشریح ہے۔

اگر ہم پہاڑی پر پیغام کے مطابق '' دل کے خالص'' بننا چاہتے ہیں تو ہمیں چاہیے کہ پہلے نقاط کے سیٹ منعکس کریں،دوسرے سیٹ کے نقاط کے بارے میں سوچیں، لیکن ہمیشہ یسوع کے بتائے ہوئے تیسرے سیٹ کے نقاط پر عمل کریں۔

روایاتی معیار	بے رحم چکر	ابھارنے والے اقدام
.1 خون نہ کرو	لیکن غصہ کرنے سے تمہارا رویہ بھی ظالمانہ ہو سکتا ہے۔	خدا، صلح کرانے والا ہے
.2 زنا نہ کرنا	لیکن تمہارے دل میں آہستگی سے پلتی ہوئی شہوت بھی زنا ہے	اپنے آپ کو ترغیب سے دور رکھ (مرقس 9:43-50)
.3 تم طلاق دے سکتے ہو	لیکن طلاق دینا کافر ہونے کے برابر ہے	صلح پسند بنو
.4 جھوٹی قسم نہ کھانا	لیکن کسی چیز کا حلف اٹھانا برائی کا ساتھ دینے کے برابر ہے	تمہاری ہاں، ہاں ہو اور تمہاری نا، نا
.5 دانت کے بدلے دانت اور آنکھ کے بدلے آنکھ	اگر ہمارا تعلق پچھلوں سے ہے تو ہم برائی کے بدے برائی واپس کریں گے	دوسری گال بھی پھیر دو۔
.6 اپنے ہمسایوں سے پیاراور دشمنوں سے نفرت کرو۔	دشمنوں سے نفرت کرنا دشمنی نہیں ہے۔	اپنے دشمنوں سے پیار کرو، ان کے لیے برکت چاہوں جو تم پر لعنت کرتے ہیں۔
.7 کھلی مدد	اپنی خیرات کی تشہیر کرنا فیاضی نہیں ہوتی	تشہیر کے بغیر عطا کرو
.8 دنیاوی روزہ رکھنا	اپنی اچھائی کی تشہیر مخلصی نہیں ہے	تشہیر کیے بنا روزہ رکھو
.9 دنیاوی دعا	دنیا کے سامنے مذہبی بننا آپ کی روحانیت نہیں ہے	پوشیدگی میں جا کے دعا کرو
. 10 بہت زیادہ دعا کرنا	بہت زیادہ دعا، مقدس خالی فقرے دہرانے کے برابر ہے	خدا کے لیے دعا کرو یعنی تمہاری دلی دعا۔
.11 دنیاوی خزانے جمع کرو۔	لیکن چور آتے ہیں نقب لگانے اور چرانے کو	اپنا مال آسمان پر جمع کرو

(مرقس 31-12:16)		
.12 کوئی بھی دو مالکوں کی خدمت نہیں کر سکتا۔	خدا اور پیسے کی ایک ہی وقت میں خدمت کرنا ناممکن ہے	آسمانی بادشاہی کی تلاش کرو اور اور دنیاوی مال کی پرواہ نہ کرو۔
.13 انصاف نہ کرو کیونکہ تمہارا بھی انصاف کیا جائے گا۔	اگر تم انصاف کرو گے تو اسی معیار سے تمہارا بھی انصاف کیا جائے گا۔	پڑوسی کی آنکھ کا تنکا نکالنے سے پہلے اپنا شہتیر نکال لو
.14 اپنے موتی سئوروں کے آگے نا ڈالو	وہ ان کو پاما ل کریں گے اور تمہیں دو ٹکروں میں پھاڑ دیں گے۔	وہ جس پر تم مکمل بھروسہ کر سکتے ہو وہ خدا ہے

یسوع فرماتا ہے کہ وہ جو اس کے اصولوں- لیکن حقیقی اقدام-کی پیروی کرتا ہے وہ خدا کو دیکھے گا۔ وہ یقینی طور پر دیکھیں گے۔ ''دل کے خالص'' لوگ جو کرتے اور کہتے ہیں اس میں خدا کا جلال ظاہر کرتے ہیں۔

7- مبارک ہیں وہ جو صلح کراتے ہیں- وہ خدا کے اصل بیٹے ہیں۔
مبارک ہیں وہ جو صلح کراتے ہیں، کیونکہ وہ خدا کے بیٹے کہلائیں گے۔ (متی5:9
دنیا کے مختلف مذاہب میں بہت سے ایسے پرستار ہیں جوخدا کے بیٹے ہونے کا دعویٰ کرتے ہیں۔
اور ان میں سے بہت سارے اپنے آپ کو خدا کا بیٹا کہنےوالوں نے اپنے بھائیوں اور بہنوں کو خدا کے نام پہ قربان کر دیا۔
مسیحیوں، مسلمانوں اور یہودیوں نے تشدد کا اظہار کیا، پرانا عہد نامہ ان کے تشدد کا اظہار کرتا ہے۔
جب وہ سب کہہ چکے تو موسیٰ سے فرمایا '' لیکن اگر نقصان ہو جائے تو جان کے بدلے جان لے۔ اور آنکھ کے بدلے آنکھ- دانت کے بدلے دانت اور ہاتھ کے (بدلے ہاتھ- پاؤں کے بدلے پاؤں- (خروج24-21:23
سالوں میں مسلمانوں کی 1000مسیحیوں کو اس بات کا نوٹس لینا چاہیے کہ پچھلے بجائے مسیحی ممالک کی آپس مینزیادہ لڑایاں ہوئی ہیں - اور بااختیار مسیحی ریاستوں نے مسلمانوں اور یہودیوں کو زیادہ قتل کیا ہےجبکہ مسلمانوں نے مسیحیوں اور یہودیوں کو کم قتل کیا ہے۔
یسوع پرانے عہد نامے کو اپنے اختیار کے طور پر استعمال کرتا ہے
متی20-5:17) لیکن وہ شریعت کو انبیاہ کے مطابق سمجھتا ہے، خاص طور پر)
) یسوع کی صلح 4یعسیاہ، جس کا حوالہ وہ اپنی تبلیغ کے آغاز میں دیتا ہے۔ (لوقا کرانے کی جستجو یعسیاہ سے متاثر ہے۔ یسوع دلی طور پر یہ جانتا تھا ' اس کے پاؤں پہاڑوں پر کیا ہی خوش نما ہیں جو خوش خبری لاتا اور سلامتی کی منادی

) وہ جانتا تھا کہ خوش خبری دینے والا نہ چلائے گا اور نہ 52:7کرتا ہے ‘ (یعسیاہ
شور کریگا اور نا بازاروں میں اس کی آواز سنائی دے گی-وہ مسلے ہوئے
) اپنے 42:2سرکنڈے کو نہ توڑے گا اور ٹمٹماتی بتی کو نہ بجھائے گا۔ (یعسیاہ
لوگوں کے لیے اس کی دعا ’پھر کبھی تیرے ملک میں ظلم کا ذکر نہ ہوگانہ ہی
(60:18حدود کے اندر خرابی اور بربادی کا۔-(یعسیاہ
یوحنا نے اپنی منادی کے آغاز میں یسوع کو ’خدا کے برہ کہہ کر متعارف کرایا
) ہم جانتے ہیں کہ لفظ ’ برہ ‘ 1:29ہے جو دنیا کے گناہ اٹھا لے جاتا ہے ‘ (یوحنا
لغوی معنوں میں استعمال نہیں کیا گیا۔ یسوع ایک انسان تھا برہ نہیں۔ وہ انسان کا
برہ تھا-جو بے عیب اور صالح تھا- ’’نہ کہ بھیڑوں کے روپ میں بھیڑیا‘‘ جو کہ
بہروپیا اور خطرناک ہے۔
یسوع ’’خدا کا برہ‘‘ قوموں کو آپس میں ملانے کے لیے تلاش کیا گیا، جس کو وہ
کہتا ہے ’’چھوٹے درجے سے بھیڑوں کو اکٹھا کرنا‘‘ (یوحنا16-10:11) بھیڑ
بظاہر ایک معصوم جانور ہے لیکن بنیادی طور پر- وار کرنے والی اصطلاح، کہ
جس کو یسوع ان لوگوں کے لیے استعمال کرتا ہے جو بھیڑیوں میں رہتے ہیں-جو
دوسرے لوگوں کا شکار کرتے ہیں-لیکن وہ، جو بھیڑیے بننے سے انکار کر دیتے
ہیں-حتیٰ کہ اس کا مطلب یہ ہو کہ’ وہ بھیڑیے ریوڑ کواس لیے چیر پھاڑ سکتےہیں
کہ ان کو ریوڑ میں شامل نہیں کیا گیا- اور وہ دوسروں کا شکار کرتے ہیں۔ میں یہ
چاہتا ہوں کہ تم بھیڑوں کی طرح زندگی بسر کرو، خواہ تم بھیڑیوں کے درمیان ہو۔
) 10:16یسوع نےکہا کہ’’ بد مزاج بنو، لیکن ہمیشہ کسی کو نقصان نہ پہنچاؤ‘‘(
یسوع نے فرمایا’’ پس جو کچھ تم چاہتے ہو کہ لوگ تمہارے ساتھ کریں وہی تم بھی
) جو تمہارے ساتھ برائی کرتے ہیں ان کے ساتھ 7:12ان کے ساتھ کیا کرو(متی
اچھائی کرو۔ ان سے پیار کرو جو تم سے نفرت کرتے ہیں۔ اور اپنے ستانے والوں
(5:44کے لیے دعا کرو (متی (
کبھی بھی مت گھبراؤ، اس نے اپنے گلے سے کہا ’جو بدن کو قتل کرتے ہیں اور
(10:28روح کو نہیں کرتے ان سے مت ڈرو‘‘ (متی
یسوع نے صاف صاف، خاص طور پر اور بار بار موسوی قوانین کی تردید کی ہے
کہ یہ شرعی انتقام ہے۔ تم سن چکے ہو کہ کہا گیا تھا ’’آنکھ کے بدلے آنکھ، اور
دانت کے بدلے دانت۔ لیکن میں تم سے یہ کہتا ہوں کہ شریر کا مقابلہ (یا اس سے
انتقام مت لینا) مت کرنا بلکہ اگر کوئی تیرے دہنے گال پر طمانچہ مارے دوسرا
(بھی اس کی طرف پھیر دے۔ (متی39-5:38
یسوع نے اپنے شاگردوں کو بتایا کہ تمہیں اپنے ایمان کی خاطر مرنے کے لیے ہر
وقت تیار رہنا چاہیے- لیکن مارنے کے لیے نہیں (متی16:24) چنانچہ اس کی
راہنمائی میں یسوع کی تحریک یہودیوں کی امن تحریک بن گئی۔
تین صدیوں سے مسیحت امن کی تحریک چلا رہی تھی۔ رسولوں نے مسیحیوں کو
امن پسند بننا سکھایا ’’ محبت اپنے پڑوسی سے بدی نہیں کرتی‘‘ (رومیوں13:10)

پولس نے کہا ’جو تمہیں ستاتے ہیں ان کے لیے برکت چاہو۔ برکت چاہو لعنت نہ کرو۔ بدی کے عوض بدی نہ کرو۔ جو باتیں سب لوگوں کے لیے اچھی ہیں ان کی تدبیر کرو۔ جہاں تک ہو سکے تم آدمیوں کے ساتھ میل ملاپ رکھو۔ اپنا انتقام نہ لو بلکہ اس کے الٹ کرو۔ بلکہ اگر تیرا دشمن بھوکا ہو تو اس کو کھانا کھلا اگر پیاسا ہو تو اسے پانی پلا۔ بدی سے مغلوب نہ ہو بلکہ نیکی کے ذریعہ سے بدی پر غالب آؤ۔ (رومیوں12:14-21)

جب میسحت رومی سلطنت کا سرکاری مذہب بنا، ایمبروس اور آگسٹن نے ان ایک معیار ٹھہرانے کے لیے انکو حکومت میں بلایا۔جو جنگ کرتے تھے۔ انصاف کے اصولوں کے لیے جواب دہ تھے۔ انہوں نے اس پر بحث کی کہ جنگ کو اصولوں کے ساتھ لڑنے کے لیے ہمیں آٹھ مختلف حالات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ پہلا، اس تحریک کا ایک ہی سبب تھا۔ اور وہ سبب یہ تھا کہ بہت سے لوگوں کے قتل عام سے بچایا جا سکے۔ دوسرا، اس کا نفاذ صرف ایک حاکم کر سکتا تھا۔ کوئی بھی فیصلہ لینے سے پہلے دونوں صاحبِ اختیار لوگوں کو بہت اختیاط کے ساتھ مطلوبہ روش کو انجام دینا تھا۔ تیسرا، یہ کسی بھی صورت یعنی تمام تر تعاون، وساطت، ثالثی، اور غیر متشدد قاعدے اپنا لینے کے بعد۔ آخری انتخاب ہونا چاہیے تھا۔ چوتھا، یہ صرف ایک مقصد یعنی بہبود، کے لیے ہونا چاہیے۔ اور بحث میں شامل تمام شرکا حتیٰ کہ دشمنوں کی حفاظت اور امن و سلامتی کے لیے۔ پانچواں، اس میں مناسب قسم کا خطرہ بھی ہوسکتا ہے۔ ایک فضول اشارہ نہیں۔ بلکہ اس کی کامیابی کی امید میں کسی کاروبار کی طرح ایک حقیقی خطرہ موجود ہو سکتا ہے۔ چھٹا، یہ بہت زیادہ اثر انداز ہو سکتا ہے۔ اس کی کامیابی کے نتائج انسانیت کی جنگ میں قیمت کو کم کر سکتے ہیں۔ ساتواں، جو بھی حکومت جنگ لڑنا چاہتی ہے اس کو اپنے عزائم کا اظہار پہلے کرنا ہوگا۔ تاکہ ان کو روکنے میں واضح حالات مدد گار ثابت ہو سکتے ہیں۔ اگر جنگ سے بچنا ممکن ہو۔ آٹھواں، اگر جنگ آگے بڑھنے کی ہو، تو نہ صرف یہ ختم ہو بلکہ اس میں عام لوگوں کو بچایا جا سکے جو کہ جنگجو نہیں ہیں، اگر ایک دفعہ فوجی ہتھیار ڈال دیں تو ان کو قربان ہونے سے بچایا جا سکے اور تمام قیدیوں کو اذیت سے بھی بچایا جائے۔

اس معیار کے مطابق، ہماری موجودہ جنگ صرف جنگ نہیں ہے، جیسا کہ تمام مسیحی امن اور انصاف کے خواہاں ہیں، ہمیں چاہیے کہ ہم پُرزور طریقے سے جنگ کے خطر ے کی مخالفت کریں اور اپنے دشمنوں کے ساتھ قراردادوں کے ذریعے بات کریں۔

یسوع نے کہا کہ صرف ذمہ دار امن قائم کرنے والے ہی خدا کے خالص بچے ہونے کا دعویٰ کر سکتے ہیں۔

8۔ مبارک ہیں وہ جو راستبازی کے سبب سے ستائے گئے۔
مبارک ہیں وہ جو راستبازی کے سبب سے ستائے گئے کیونکہ خدا کی بادشاہی ان ہی کی ہے۔ (متی 5:10
اس عبارت کو جاننے کے لیے، اس پر غور کرنے سے پہلے کہ یسوع کیا کہہ رہا ہے۔ ہمیں یہ واضح ہونا چاہیے کہ یسوع کیا نہیں کہہ رہا۔ یسوع نے یہ نہیں کہا کہ '' مبارک وہ ہیں جو ستائے گئے'' اگر ستائے جانے میں کوئی اچھی قدر ہے۔ کلام میں یسوع نے کہاں یہ فرمایا کہ دکھ سہنا خاص طور پر ستایا جانا بہت زیادہ تعریف کے لائق ہے۔ جو یسوع کہتا ہے وہ یہ ہے کہ '' مبارک ہیں وہ جو راستبازی کے سبب سے ستائے گئے'' (متی5:10) یہ راستبازی کی خاطر ستائے جانے کی چاہ ہے جو کہ بہت بیش قیمت ہے۔

تمام تر کلام مقدس میں اپنے شاگردوں کو بار باربتا یا ہے کہ اگر وہ ان ''غیر راست'' لوگوں میں راستباز بننا چاہتے ہیں تو انہیں وہ تمام مصائب یقینی طور پر برداشت کرنے ہونگے جو اس نے کیے۔ یسوع نے فرمایا '' میں دینا کا نور ہوں) اور تم بھی دنیا کے نور ہو'' (متی5:14) جو کہ پہلے پہل بہت 8:12(یوحنا شاندار لگتا ہے، لیکن، دوسرے ہی لمحے ایک کار منصبی،جو کہ خطرناک نتائج رکھتا ہے۔ نور صرف ایک شعلہ نہیں ہے جس میں دلچسپی پیدا ہو، بلکہ ایک جھلملاہٹ ہے جو کہ تاریکی کو ختم کرتی ہے۔ '' کیونکہ جو کوئی بدی کرتا ہے وہ نور سے دشمنی رکھتا ہے۔ ایسا نہ ہو کہ ان کے کاموں پر ملامت کی جائے'' (یوحنا3:20) وہ لوگ جو یہ نہیں چاہتے کہ ان کے برے اعمال سامنے آئیں وہ ہمیشہ یسوع اور اچھے لوگوں کی مخالفت کرتے ہیں جو کہ اس کی پیروی کرتے ہیں۔ ''یسوع نے اپنے شاگردوں سے کہا کہ اگر کوئی میرے پیچھے آنا چاہتا ہے تو اپنی خودی سے انکار کرے اور اپنی صلیب اٹھائے اور میرے پیچھے ہولے'' (یوحنا16:24) اس نے فرمایا '' میرے نام کے سبب سے سب لوگ تم سے عداوت رکھیں گے۔۔۔ مگر آدمیوں سے خبردار رہو کیونکہ وہ تم کو عدالتوں کے حوالہ کریں گے اور اپنے عبادتخانوں میں تم کو کوڑے ماریں گے۔۔۔ بھائی کو بھائی قتل کے لیے حوالہ کرے گا اور بیٹے کو باپ اور بچے اپنے ماں باپ کے برخلاف کھڑے ہوں گے اور انکو مروا ڈالیں گے'' (متی 25-10:17
ہمیں دکھ اٹھانے کے لیے نہیں کہا گیا لیکن صرف یسوع کے قدموں کے پیچھے چلنے کو کہا گیا ہے۔ اگر بے انصافی میں انصاف کے لیے ستایا جانا ضروری ہوا تو برداشت کرو، یسوع کی پیروی کے لیے کہا گیا ہے تو ایسی صورت حال میں اگر راستبازی کے لیے یسوع کی طرح دکھ اٹھا نا پڑے تو اٹھاؤ۔ یسوع نے تمہارے لیے دکھ سہے' پطرس نے لکھا '۔۔مسیح بھی تمہارے واسطے دکھ اٹھا کر تمہیں

ایک نمونہ دے گیا ہے تاکہ اس کے نقش قدم پر چلو' (1پطرس2:21) اس جملے میں ایک خاص لفظ جو کہ پطرس نے اپنے خط میں استعمال کیا۔ یہ ہے یونانی لفظ ''ہوپوگریمس'' ۔ یہ اس زبان کے تمام ہجوں کو ظاہر کرتا ہے یعنی اگر کوئی یہ زبان سیکھنا چاہتا تو اس کے لیے مشقی کتاب میں سب سے اوپر تمام ہجے لکھ دیے جاتے اور سیکھنے والے کو کہا جاتا کہ بالکل اس کے جیسی نقل کرو تب تم سیکھ سکتے ہو۔ اسی طرح پطرس نے بھی یہی بتا یا ہے کہ ہم یسوع کی طرح راستبازی کے لیے دکھ اٹھانے کے لیے اتنے قریب سے اس کی پیروی کریں جتنی کہ ہم کر سکتے ہیں۔

ہم راستبازی کے لیے دکھ اٹھانے سے اپنی مرضی سے تین چیزیں حا صل کر سکتے ہیں۔ ہم بدی پر قابو پا سکتے ہیں، اچھائی کو بڑھاوا دے سکتے ہیں، اور یسوع کے راستہ کےمضبوط گواہ بن سکتے ہیں۔

سب سے پہلے ہم بدی پر قابو پا سکتے ہیں۔ راستبازی کے لیے دکھ اٹھانا برائی ہے۔ جب لوگ ہم پر ظلم کرتے ہیں تو اس کے لیے ہمارا خیال ہوتا ہے کہ برائی کا جواب برائی سے دیا جائے۔ لیکن یہ دنیا میں موجود برائی کو اور مضبوط کرسکتا ہے۔ چنانچہ ہمیں واضح کر کے بتایا گیا ہے کہ کسی بھی حالت میں برائی کے بدلے برائی نہیں کرنی۔ (رومیوں12:17) ہمیں بدی کے خلاف بھڑکنے کی بجائے،بدی کو برداشت کرنے کے لیے کہا گیا ہے، اس طرح ہم اس کی طاقت کو ختم کر سکتے ہیں۔ '' شریر کا مقابلہ نہ کرو بلکہ جو کوئی تیرے دہنے گال پر طمانچہ مارے دوسرا بھی اسکی طرف پھیر دے'' (متی5:39

جیسا کہ گیل وب کہتا ہے، بدی سے نمٹنے کے بہت سے طریقے ہیں۔ تمام کے تمام سچ کے حقائق ہیں اور یہ بدی کو فتح کرنے کی تحریک دیتے ہیں اور یہ انسانوں کی مرضی میں پائے جاتے ہیں۔ جب یہ ایک تیر کی طرح کسی کے دل میں گاڑھ دیا جائےتو اس کی طاقت ختم ہو جاتی ہے اور وہ آگے نہیں بڑھ سکتے۔ 'وہ جو دوسرا گال بھی پھیر دیتے ہیں' جب وہ راستبازی کے لیے ستائے جاتے ہیں، تو وہ یسوع کے کہنے کے مطابق مبارک ہیں کیونکہ جب وہ دل میں لگے تیر کی طرح بے عزتی اور زخم برداشت کرتے ہینتو بدی آگے نہیں بڑھ سکتی۔

دوسرا، ہم اچھائی کو اس برائی سے بھری دنیا میں پھیلا سکتے ہیں، ہم تب اچھائی کرنے کے لیے آزاد ہو سکتے ہیں جب ہم اپنے آپ کو راستبازی کے لیے ستائے جانے کے لیے تیار کر لیتےہیں۔ ہمارے دکھ سہنے کہ چاہ ہمارے اعمال کی آزادی ہے۔ یسوع فرماتا ہے، سیاق و سباق کے لحاظ سے ہو سکتا ہے کہ لوگ تمہیں اچھائی کے لیے قتل کریں، 'کیونکہ جو کوئی اپنی جان بچانا چاہے وہ اسے کھوئے گا اور جو کوئی میری اور انجیل کی خاطر اپنی جان کھوئے گا وہ اسے بچائے گا۔ (مرقس 8:35

وکٹر فرینک، جرمنی کے ایک کیمپ میں ایک یہودی دماغی امراض کے ماہر کے طور پر کہتا ہے، کہ اگر ہم اگر کسی بھی قیمت پر زندہ رہنے کے لیے اپنی اقدار

سے مصالحت کر لیتے ہیں تو ہم اپنی روح کھو دیں گے اور ’’ افریقی ناگ دیوتا کو ماننے والے بن جائیں گے‘‘ لیکن اگر راستبازی کے لیے ہمارا آخری فیصلہ مضبوط ہو گا تو ہم مصالحت نہیں کریں گے۔ اگر اس کے لیے مرنا بھی پڑے۔ ہم مبارک ہیں کیونکہ ہم اپنے ساتھ سچے ہیں اور ہمارے اندر انسانیت موجود ہے۔
تیسرا، ہم مضبوطی سے یسوع کے راستے کے گواہ بن سکتے ہیں۔ کسی کام کے لیے مر کر اس کو درست نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن محبت کا پیغا م جو دل میں لکھا جائے وہ آسانی سے مٹ نہیں سکتا۔ ایک تحریک جس کے لیے مرنا بہتر سمجھا جا رہا ہے ہو سکتا ہے کہ اس کے لیے جینا بیش قیمت ہو۔ ہماری برداشت یسوع کے راستے کو ظاہر کر سکتی ہے، جو کہ ہماری تاریک میں موجودہ معیشت کے کسی کونے کے لیے امید کی کرن ہے۔
یسوع ہم میں سے ان کو مبارک کہتا ہے جو کہ راستبازی کے سبب سے ستائے جاتے ہیں اگرچہ ہو سکتا ہے کہ ہمیں انصاف کی تلاش میں عزت اور مقام نہیں دیا جاتا لیکن ہم آنے والی دینا میں یہ مقام ضرور حاصل کریں گے۔

آنٹی گلیڈس نے ہمیں آگے کا راستہ بتایا۔ نہ کہ انکل جارج۔

گلیڈ س سٹینز نی ویتھرہیڈ- 1951 میں پیدا ہوئیں۔ پیکس کراسنگ، جو کہ جنوب مغربی کوین لینڈ میں لیوچ کے تھوڑا باہر واقع ہے، میں بڑی ہوئیں۔ گلیڈس کی پرورش ہم ذاتوں میں ہوئی اور وہ ایک سچی میسحی بن گئی۔ سکول ختم کرنے کے بعد گلیڈ س نےلیوچ میں نرسنگ پڑھی اور لانسیسٹن اپنی مڈ یفری مکمل کی۔
گلیڈ س 1981 میں اپنے انڈیا کے دورے میں اپنے خاوند گراہم سے ملی۔ ایک آسٹریلوی جوانڈیا میں غریبوں کے لیے کام کرنے گیا تھا۔ خاص طور پر کوڑھ کے مریضوں کے لیے۔ گلیڈس بتاتی ہے کہ وہ لوگوں کے لیے اس کے اندر پیار سے بہت متاثر ہوئی اور یہ محسوس ہوا کہ گراہم میں اس کو وہ ساتھی مل گیا جس کی اسے تلاش تھی۔ ان کی شادی 1983 میں ہوئی، اور ان کے تین بچے تھے۔ ایک لڑکی، ایسٹر اور دو لڑکے، فلپ اور ٹیموتھی۔

اسی سال جب ان کی شادی ہوئی تو وہ اوڑیسہ، مایوربھنج میں بریپاڑا چلے گئے اور وہاں کوڑھ سے منسلک ادارہ سنبھال لیا۔ یہ ادارہ نہ صرف مریضوں کے علاج میں مدد کرتا بلکہ ان کی بحالی کے لیے تربیت فراہم کرتا اور ہاتھ سے کپڑا بنانے اور سبائی گھاس کی اشیاء بنانے میں مدد کرتا تھا۔ ان کی اپنی دودھ کی بڑی دکان تھی۔ گلیڈس بتاتی ہے کہ اس ادارے کے بارپپاڑا کے قصبے کے لوگوں کے ساتھ اچھے تعلقات تھےکیونکہ جب کبھی وہ بیمار ہوتے تھے، یا ان کو سانپ کاٹ لیتا تھا، تو لوگ ان کے گھر ان کا علاج کرنے کے لیے آتے تھے۔

گراہم اوریائی، سانتھالی اور ہو زبان میں ماہر تھا-اس نے ہو زبان میں بائبل کا ترجمہ کرنے میں ساتھ دیا تھا- جب بچے پیدا ہوئے، گلیڈس نے اس بات کو یقینی بنایا کہ وہ مقامی زبانیں سیکھیں اور مقامی بچوں کے ساتھ کھیلیں- بشمول کوڑھ کے مریضوں کے بچوں کے جو اس ادارہ میں رہتے تھے-

سوامی اگنی ویش، جو کہ ہندوؤں کے معاشرہ کے ایک مشہور لیڈر تھے کہتے ہیں '' یہ سٹینی خاندان کی مقامی لوگوں سے پہچان ہے کہ انہوں نے سانتھالی زبان سیکھ لی- کیسا تضاد ہے ان لوگوں کے لیے جو کہ اس ملک کو چھوڑنا چاہتے ہیں- وہ سٹینی خاندان کی طرح نہیں ہیں کہ جو یہاں کی زبانیں بولتے ہیں- اور یہ کچھ لوگوں کا قیاس ہے کہ جیسے وہ اپنے بچوں کو کوڑھ کے مریضوں کے بچوں کے ساتھ کھیلنے دے سکتے ہیں-

گراہم اکثر جنگلیوں کے علاقوں میں مسیحیوں کو بڑھاوا دینے کے لیے کیمپ لگایا کرتا تھا- ان کیمپوں میں گراہم بائبل کی کلاس لیا کرتا تھا اور اس کے ساتھی صحت و صفائی کی- اور چودھویں جنگل بائبل کیمپ جو کہ ایک گاؤں منوہرپور میں لگایا، کو آدھی رات کے وقت جب گراہم، فلپ اور ٹیموتھی اپنی 1999 جنوری 23تو سٹیشن ویگن میں سو رہے تھے تو ان کی کار پر حملہ کیا گیا، ان کی گاڑی پر پیٹرول چھٹرک کر آگ لگا دی گئی اور گراہم اور دونوں لڑکے زندہ جل گئے-

میں دارا سنگھ جو کہ ایک ہندو انتہا پسند، جو کہ سٹینیوں کی بائبل 2000جنوری کی بشارت پر بہت برہم تھا، مایور بھنج کے جنگل میں سے گرفتار ہوا جو کہ اس 2003 میں کیس کی سنوائی ہوئی، اور ستمبر 2003ہولناک قتل میں شامل تھا- اپریل میں عدالت نے دارا سنگھ اور دوسرے بارہ لوگوں کو مجرم ٹھہرایا جو کہ سٹینیوں کے قتل میں شامل تھے- دارا سنگھ کو سزائے موت سنائی گئی اور باقیوں کو عمر قید سنائی گئی-

اسی وقت گلیڈس کو اموات کا پتہ چلا، دارا سنگھ کی تحریک سے پتہ چلا کہ وہ سب اس کے خاوند اور بچوں کو قتل کر کے بہت شرمندہ ہیں، گلیڈس نے قتل کرنے والوں کو عام معافی کی پیش کش کی-

گلیڈس کہتی ہے ' ایسا کچھ نہیں تھا کہ جس کے بارے میں سوچا نہیں تھا- لیکن جب میں نے سنا کہ خاندان کو قتل کر دیا گیا ہے، میں نے ایسٹر کو بتایا، میری بیٹی ہمیں ان کو معاف کردینا چاہیے جنہوں نے ان کو قتل کیا، کیا ہمیں نہیں کرنا چاہیے؟ اور اس نے کہا ''ہاں ممی ہمیں کر دینا چاہیے''

دو ہفتے بعد اس کے سکول سے کوئی مجھے ملا اور اس نے کہا ''مجھے یقین نہیں ہوتا کہ آپ اسے معاف کیسے کر سکتے ہیں- میری بیٹی نے بعد میں مجھے بتایا- ''ممی میں سمجھ نہیں سکتی کہ وہ لوگ کیوں نہیں سمجھتے کہ ہم نے ان کو معاف کر دیا ہے- '' تب میں نے سمجھا کہ کیسے یسوع کی تعلیمات نے میری بیٹی پر اثر کیا ہے- معاف کرنے سے شفا ملتی ہے- یہ دوسرے بندے کو دوبارہ سے زندگی گزارنے کا موقع فراہم کرتا ہے- اگر میں آپ کے خلاف ہوں اور میں تمہیں

معاف کر دیتی ہوں، تو برائی مجھ سے دور ہو جائے گی۔ یہ آپکو معافی قبول کرنے کا اور آگے بڑھنے کا موقع دوں گی۔ معافی سے دونوں کو یعنی معاف کرنے والے اور معافی پانے والے کو آزادی ملتی ہے۔ میرے دل میں کسی کے لیے نفرت نہیں ہے۔

عدالتی کاروائی کے دوران گلیڈس اور ایسٹر انڈیا میں رہے ' گراہم نہیں چاہتا ہوگا کہ میں اپنا سامان باندھوں اور آسٹریلیا چلی جاؤں۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ میں لوگوں کی بہبود کے لیے کام کرتی رہوں۔ چنانچہ ایسٹر نے اپنی تعلیم ہاربن اُوٹی میں مکمل کی اور گلیڈس کوڑھ والے ادارے میں اپنا کام کرتی رہی۔ حال ہی میں گلیڈس ایسٹر کے ساتھ آسٹریلیا واپس آئی ہے جو کہ ادویات کی تعلیم حاصل کررہی ہے۔
سوامی اگنی ویش کہتےہیں ' کہ پورے ملک مینلوگ سرحدوں کو کاٹ رہےہیں، یہ اس بات کی علامت ہے روحانیت کے لیے بہترین لمحہ ہے۔ مسز گلیڈس سٹینز کی روحانیت اس کے ردعمل سے افشاں ہوئی۔ روح کے زخم جو اس کو اس کے پیارے خاوند اور بچوں کی موت سے ملے اس سے جو نفرت اس کے دل میں پیدا ہوئی، لیکن اس نے اپنے دماغ کو یہ اجازت نہیں دی کہ اس میں نفرت پیدا ہو سکے۔ اس لیے اس نے اپنے خاوند کے قاتلوں کو معاف کرنے میں اتنی جلدی کی۔ اس کی بس یہی دعا تھی کہ خدا کی وہ محبت جس نے اس کے خاوند کو متاثر کیا وہی محبت ان کے دلوں میں بھی پیدا ہو۔ اس کے اندر ان لوگوں کو پہچاننے کے لیے روحانی قابلیت تھی کہ جو نفرت کی وجہ سے پاگل ہوئے ہیں وہ بھی خدا کے سال کی لڑکی، ایسٹر، 13بچے ہیں اور وہ بھی معافی کے حقدار ہیں۔ اس کی لوگوں سے اس کے والد کے پیارکے لیےخداوند کا شکر کرتی ہے – خاص طوروہ لوگ جو کوڑھ کے ادارےسے منسلک ہیں۔ اور یسوع کی خاطر مرنے کو بہت بیش قیمت سمجھتی ہے۔ کیا اس طرح کے ردعمل بہت سے سخت دلوں کے پگھلنے کا باعث بنتے ہیں؟
انڈیا کے لوگوں کا گلیڈس اور ایسٹر کے متاثر کن رویے کے بارے میں شاندار ردِ عمل ہے۔ ملک کے تمام لوگ ان کے ارد گرد جمع ہو گئے۔ بہت سے لوگوں نے حوصلہ افزائی کے لیے خطوط لکھے۔بہت سے مشہور ہندو راہنماؤں نے گلیڈس میں 2002کے ساتھ مسیحی ہونے کے ناطے یکجہتی کرنے کے لیے مارچ کیے۔ 2005امن کے لیے سرگرم لوگوں نے گلیڈس کو امن کا گاندھی شراکت ایوارڈ دیا۔ میں انڈیا کے صدر عبدالکلام جو کہ ایک مسلمان تھے انہوں نے گلیڈس کو ان کی خدمات کے سلسلے میں پدمیشری ایوارڈ سے نوازا، جو کہ ملک کے کسی بھی شہری کو دیا جانے والا بہت اہم ایوارڈ ہے۔

.

سوامی اگنی ویش کہتے ہیں ’ مسز سٹینز جیسے لوگوں کی وجہ سے مذہب کی سچی وضاحت ملتی ہے۔ سٹینز کے خاندان کے لیے یہ روحانیت یسوع کی زندگی کی مثال اور صلیب پر کفارہ سے قائم کردہ ہے جبکہ دوسروں کے لیے یہی جذبہ ان کی بنیادی روحانیت اور ان کی اپنی مذہبی رویات میں شامل ہے۔ ہم میں سے وہ جو اپنے مذاہب کی عزت کرتے ہیں وہ اس مشکل مثال سے متاثر ہونے میں فیل نہیں ہونگے۔ لیکن یہ کافی نہیں ہے۔ ہمیں ضرورت ہے کہ ہم اپنے مذاہب کے راہنماؤں پر زور ڈالیں۔ یہ ملک دھوکا بازی اور تشدد کی وجہ سے کھوکھلا اور تھک چکا ہے۔ اس معاملے میں کوئی بھی مذہبی انتظامیہ بے گناہ نہیں ہے۔ ایک قومی نقطہ نظر سے،سب سے پہلی اور اہم ضرورت یہ نہیں کہ لوگوں کو ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں تبدیل کیا جائے بلکہ تمام مذاہب کو یہ چیلنج کیا جائے کہ وہ اپنے اپنے عقیدے کی صحیح تشریح کریں۔ کسی کے عقیدے کی اصلاح اور اس میں تبدیلی لانا وقت کی ضرورت ہے۔ انڈیا کا روحانی مقدر تب سنور سکتا ہے جب ہم اس بات کو سمجھ جائیں کہ خدا ہمارے ذاتی کاموں کو پسند نہیں کرتا بلکہ وہ سچائی اور انصاف کے لیے پکارتے ہوئے محبت کے لیے قربان ہونے والے دل کو پسند کرتا ہے۔

ہم ہو سکتے ہیں۔

ہم وہ تبدیلی لا سکتے ہیں جو ہم دیکھنا چاہتے ہیں۔

میرا ایمان ہے کہ ’نمونہ بنیں‘ ایک خیال ہے جس کا وقت آ چکا ہے۔ ہم گلیڈس کی طرح دنیا میں وہ تبدیلی لا سکتے ہیں جو ہم دیکھنا چاہتے ہیں۔ لیکن یہ صرف تب ہی ممکن ہے جب ہم یسوع کے بتائے ہوئے رویوں کو اپنے اندر سما لیں جیسا کہ گلیڈس نے کیا۔

یہ وہ وقت ہے جب ہم رویوں کو دوبارہ سے استعمال کریں جو کہ اس دنیا کو مصروف کرنے کے لیے ایک تخلیقی ڈھانچہ ہے، اور دنیا میں وہ تبدیلی لائیں جو ہم دیکھنا چاہتے ہیں۔

اگر ہم یسوع کے بتائے ہوئے آٹھوں روستوں کی پیروی کریں تو یہ قدم بہ قدم تمام روایات سے جڑے لوگوں کے لیے ایک انقلاب ہو سکتے ہیں۔ جب ہم میں سے چند لوگ رویوں کے مطابق زندگی گزاریں گے اور ان کا انتخاب کریں گے، تو ہمارے سیاست دان بھی لوگوں کی تقلید کریں گےاور انصاف اور امن کے لیے حکمتِ عملی بنائیں گے۔

جب آپ اس پر چلنا شروع کر دیں گے، تو میرا یہ ماننا ہے کہ آپ اپنی مخصوص زبان کے مطابق رویوں کے بارے ترجمہ حاصل کریں۔ آج کل بائبل کے بہت سے الگ الگ ترجمے موجود ہیں۔ بائبل کا وہ ترجمہ لیں جو رویوں کے بارے ہو اور جو لفظوں کے ذریعے آپ کے دل سے بات کر سکے۔ اگر آپ کو یہ تیار شدہ نہ

ملے تو ہمت نہ ہاریں۔ یہ کام بذاتِ خود کریں۔ خود اپنے لیے ترجمہ کریں۔ اس کی روح کو کلام کے مطابق رکیھں۔ اور تب جب آپ رویوں کے بارے میں ترجمہ حاصل کر لیں، اس کی اشاعت کرایں اور اس کو وہاں رکھیں جہاں سے آپ باقاعدگی سے اس سے استفادہ حاصل کر سکیں۔
اور پھر میرا مشورہ ہے کہ اپنے حالات کے مطابق مطلوبہ رویے کا انتخاب کریں جو آپ کو راہنمائی فراہم کر سکے۔ اپنے آپ سے سوال کریں کہ کونسا رویہ میرے موجودہ حالات کے مطابق ہے؟
اور جب آپ اس رویے کا انتخاب کرلیں جو آپ کے حالات کے مطابق ہو، تو غور کریں کہ اس میں آپ کے لیے کیا پیغام ہے، یہ مطلوبہ رویہ مجھے کیا بتاتا ہے اور کیا یہ میرے حالات کے ساتھ تعلق رکھتا ہے؟ اس سوال کے جواب کے لیے اپنے دل کی آواز کو غور سے سنیں۔
ہوسکتا ہے کہ اس سوال کا جواب حاصل کرنے میں آپ کو چند منٹ ہی لگیں۔ لیکن بعض اوقات آپ کے کچھ مہینے بھی لگ سکتے ہیں۔ ہمت نہ ہاریں۔ اس سوال کو اپنے دل میں باندھے رکھیں اور تب تک انتظار کریں جب تک آپ کا دل آپکو جواب نہ دیدے۔ اور جب ایک دفعہ آپ کو یہ خیال مل گیا کہ اپنے حالات کے مطابق رویوں کو کیسے اپنے اندر سمانا ہے تو پھر آپ رویوں کو عمل میں لائیں۔
رویے ہمارا سامنا اس سچ سے کرواتے ہیں جو سیدھا خدا کے دل سے آتا ہے۔
کوئی بھی ہماری رائے کو چیلنج نہیں کر سکتا اور نہ ہی ہمیں رویونسے زیادہ خدا پرستی کی طرف بلا سکتا ہے ۔

ان رویوں کا حوالہ دینا مذہبی ہے۔ جبکہ ان پر عمل کرنا انقلابی۔

جب بھی رویوں پر عمل نہ کیا جائے تو یہ ایک گھسے پٹے فقرے کی طرح ہیں۔
مذہبی علم جو کہ غیر حقیقی اصولوں کے بارے ایک ایسی دنیا میں جو کہ رحم کرنے کے لیے کھوکھلی اور تھکی ہوئی ہے جو کہ اپنی آستین چڑھا کر ضرورت مندوں کا ہاتھ تھامنے سے انکار کرتے ہیں غیرمفید ہونے سے زیادہ بدترین ہیں
جب بھی رویوں کو عمل میں لایا جاتا ہے تو یہ مفید اصول بن جاتے ہیں،یعنی کلام کی بنیاد بن جاتے ہیں۔ ماسوا پنپنے والا-ذاتی ترقی اور معاشرتی تبدیلی ہمیں بہتر دینا کے خواب کے لیے کام کرنے کے لیے ہماری توجہ دلاتی ہے۔
ہم میں سے ہر ایک جو اپنے آپ کو ناکافی سمجھتا ہے اس کو اپنی قابلیت کو پہچاننا چاہیے۔ اور ہم میں سے ہر ایک جو ڈرتا ہے اسے عمل کرنے کے لیے اپنی ہمت کو پہچاننا چاہیے۔ ہم میں سے ہر ایک جو اپنے آپ کو کمزور سمجھتا ہے اسے ہمارے اعمال کی قابلیت کو پہچاننا چاہیے۔ ہم میں سے ہر ایک جو اپنے آپ کو غیر اہم سمجھتا ہے اسے اپنے افعال کی قیمت کو سمجھنا چاہیے۔

سچ کے لیے ہر عمل جھوٹ پر فتح ہے۔ محبت کے لیے ہر عمل نفرت پر فتح ہے۔ انصاف کے لیے ہر عمل ظالمیت پر فتح ہے۔ امن کے لیے ہر عمل قتل و غارت پر فتح ہے۔ اور ایک شخص کوئی قدم اٹھانے کے لیے جو بھی خطرہ اٹھاتا ہے، اس بات سے قطع نظر کہ وہ کتنا چھوٹا ہے، ایک بہتر دنیا بنانے کے لیے ایک معرکہ ہے۔
رویوں کو بہترین طریقے سے استعمال کریں جتنا آپ کر سکتے ہیں۔ محبت اور انصاف کریں جو کہ رویوں کا مرکز ہیں۔ غلطیاں کرنے کے بارے میں نہ سوچیں۔ اپنی غلطیوں سے سیکھیں۔ کچھ بھی جو کرنے کے لیے اچھا ہے، وہ بیش قیمت ہے، چاہے ہم اس کو برے طریقے سے ہی شروع کریں۔ لیکن اگر ہم واقعی کچھ اچھا کرنا چاہتے ہیں، تو جب بھی ہم کچھ کریں، تو اس کو بہتر طریقے سے کریں۔
‘جیسا کہ انہوں نے کہا ’ مشق انسان کو مکمل بناتی ہے
مجھے امید ہے کہ تبدیلی کے لیے ہماری تحریک کو آپ ضرور بڑھاوا دیں گے۔

1۔ تمام گھرجا گھروں کے لیے ہفتہ وار رویوں کا پڑھنا

ایک کالم جسکا عنوان تھا سرد ناکامی کرٹ وینیگٹ، امریکہ کے ایک مشہور مصنف نے لکھا کہ ’’کچھ وجوہات کی بنا پر، ہم میں سے بولنے والے مسیحی کبھی بھی رویوں کو بیان ہی نہیں کرتے۔ لیکن۔ اکثر ان کے آنکھوں میں آنسو ہوتے ہیں۔ وہ طلب رکھتے ہیں کہ دس احکام عوامی عمارتوں پر لگائے جائیں۔ اور ہاں یقنی طور پر وہ موسیٰ کے ہیں، نہ کہ یسوع کے۔ میں نے ان کو یہ مطالبہ کرتے کبھی نہیں سنا کہ پہاڑ کا پیغام، یعنی رویوں کو کسی جگہ لگا یا جائے۔ ’’بجا طور پر، ہمیں چاہیے کہ ہم کرٹ کا چیلنج قبول کریں، اور رویوں کو جہاں ہم سے ہو کسے ان کو لگاٸیں۔
میں اس بات سے واقف ہوں کہ کس طرح لوتھر نے اپنے وقت میں اصلاحات کے لیے کیسے اپنے پچانوے جامع لغات گھرجا گھر کے دروازے پر لگائے تھے جو کہ راہنما بنے۔ اسی طرح میں اس بات سے آگاہ ہوں کہ ہم رویوں کی ایک نقل نہ صرف اپنی نجی جگہوں۔ یعنی پلنگ کی پچھلی طرف لگائیں۔ بلکہ عوام الناس میں بھی لگائیں۔ جیسا کہ گھرجا گھر کے دروازے کے اوپر، ہو سکتا ہے کہ اس سے نئی اور بنیادی اصلاح معرضِ وجو دمیں آئے۔ جو نہ صرف اصولوں کی ایک اچھی تعلیم ہے بلکہ روش کے طور پرایک مشق ہے۔
تصور کریں کہ کیسا ہوتا، اگر ہم اپنے صرف اپنے عقائد کا دعویٰ کرنے کی بجائے، جو کہ (کم یا زیادہ) اخلاقی اطمینان رکھتے ہیں، ہم ہر ہفتے کا آغاز – رویوں۔ کوپڑھ کر۔اور ان کو منعکس کرتے۔ جس میں یسوع جیسے اخلاقی ردعمل پر زور ہوتا۔

(1) مبارک ہیں وہ جو دل کے غریب ہیں کیونکہ آسمان کی بادشاہی ان ہی کی ہے۔
(2)مبارک ہیں وہ جو غمگین ہیں کیونکہ وہ تسلی پائیں گے۔
(3)مبارک ہیں وہ جو حلیم ہیں کیونکہ وہ زمین کے وارث ہوں گے۔
مبارک ہیں وہ جو راستبازی کے بھوکے اور پیاسے ہیں کیونکہ وہ آسودہ ہوں گے۔
(4)
(5) مبارک ہیں وہ جو رحم دل ہیں کیونکہ ان پر رحم کیا جائے گا۔
(6)مبارک ہیں وہ جو دل کے پاک ہیں کیونکہ وہ خدا کو دیکھیں گے۔
(7)مبارک ہیں وہ جو صلح کراتے ہیں کیونکہ وہ خدا کے بیٹے کہلائیں گے۔
مبارک ہیں وہ جو راستبازی کے سبب سے ستائے گئے کیونکہ آسمان کی بادشاہی
(8)ان ہی کی ہے۔

2- ہر مسیحی رویوں کے مطابق اپنا ہر دن گزارے

غریبوں پر زور دیا گیا (نہ کہ معیار یا امیری پر) - انسانیت کی مشق کریں
دنیا کی بے انصافی پر ماتم کریں۔ - خدا پرستی کی مشق کریں
غصہ کریں لیکن جارہیت نہ کریں۔ - اپنے آپ پر قابو رکھنے کی مشق کریں
انصاف کی تلاش کریں (نہ کہ بدلے کی) - راستبازی کی مشق کریں
ان سب پر رحم کریں جو ضرورت مند ہیں۔ - حلیمی کی مشق کریں
پورے دل سے راستی کرو۔ - ایمانداری کی مشق کریں
جنگ میں بھی امن کے لے کام کرو۔ - غیرمتشدد بننے کی مشق کریں
راستبازی کے لیے دکھ سہو (برداشت کےساتھ) - کاملیت کی مشق کریں

3- تمام مذاہب سے خیر خواہ لوگ گروہ بنائیں

زرا سو چیں کہ کیسا ہوتا اگر ہمارے گھرجا گھر، ہیکل، مندر اور مسجدیں ایک جذبے کے ساتھ مددگار گروہ کی صورت میں متحرک ہوتے اور لوگوں کو بنیادی پروگرام کے طور پر رویوں کے بارے علم دینے کے لیے کوشاں ہوتے؟
الف الف گروہوں نے ہماری شراب کی عادت چھڑانے کے لیے کیا کیا، نمونہ بننے والے گروہ معیار اور تشدد کی عادت کے لیے کچھ کر سکتے تھے، وہ ہمیں خالص انسان، مکمل طور پر زندہ، اورہمارے پڑوسیوں کواپنے آپ کی طر ح مکمل طور پر پیار کرنے کے لیے آزاد کر سکتے تھے۔

4۔ ہم چاہتے ہیں کہ تمام لوگ مخلص ہو کر دعا کریں۔

''اے خدا مجھے سکون عطا فرما تاکہ میں ان لوگوں کو قبول کر سکوں جن کو میں تبدیل نہیں کر سکتا۔ مجھے کسی ایک کو بدلنے کا حوصلہ عطا فرما اورمجھے یہ عقل مندی بخش کہ میں جان سکوں یہ میں ہوں''
ایک دوسرے کی مدد کرنے کے قابل بننےکے لیے ''انقلابی بنیں'' ہم نے ایک ویب سائٹ بنائی ہے۔
ویب سائٹ کا نام ہے www.wecan.be
(جو کہ بیلجیم کے چند دریا دل لوگوں نے شروع کی)
یہ ویب سائٹ بنانے کا مقصد ہے کہ ایک دوسرے کو ابھارا جائے کہ ہم وہ اپنے آپ میں وہ تبدیلی لائیں جو ہم دنیا میں دیکھنا چاہتے ہیں
اس ویب سائٹ کے بنانے کا مقصد یہ ہے کہ ایک دوسرے کو ابھارا جائے کہ وہ 'نمونہ بنیں' اور رویوں کو اپنائیں۔ ہماری تر کییب یہ ہے کہ ہم ویب سے متعلقہ نیٹ ورک کو استعمال کرتے ہوئے نمونہ بنیں اور رویوں کی مشق کریں اور 'ہم ہوسکتے ہیں' کے مشن میں اپنے تجربات شئیر کر سکیں۔رویوں کے متعلق ہم اپنی آیت) اور جیسا 20-26 باب اس کی 6 (اور لوقا 1-12 باب اس کی 5عبارتیں متی کہ ہمارا منتروہ زریں قول جو کہ مہاآتما گاندھی نے کہا ''ہمیں ضرور وہ تبدیلی لانی چاہیے جو ہم دنیا میں دیکھنا چاہتے ہیں''

چھے مختلف طریقوں سے اس ویب سائٹ کے ذریعےلوگوں کی مدد کر سکتے ہیں۔

ہم چاہتے ہیں کہ لوگ۔۔۔

1۔ متاثر ہوں - گیتوں، تصاویر، اقوالِ زریں وغیرہ کے ذریعے۔

2. حوصلہ پائیں - دنیا بھر کی کہانیوں سے۔
3. معلومات حاصل کریں - موجودہ خبروں اور تبصروں سے۔
4. رابطہ رکھیں - مختلف گروہوں کے ساتھ
5. سرگرم ہوں - عملی تحریک کے ذریعے۔
6. متفکر بنیں - روحانی خوراک سے۔

چنانچہ لوگوں کو ’’متاثر ہونے کے لیے‘‘ اقوال زریں، گیت، اور تصاویر بھیجنی ہوں گی، حوصلہ افزائی کے لیے کہانیاں جس میں آپ کی اپنی کہانیاں بھی شامل ہوں، معلومات کے لیے خبریں، تبصرے، کالم اور اداریے، رابطہ رکھنے کے لیے بہت زیادہ سرگرم گروہوں کے نام، سرگرم رہنے کے لیے امن، محبت، انصاف اور سہارا دینے کے لیے تحریک، ہمیں زیادہ متفکر بنانے کے لیے زیادہ سے زیادہ غور فکر بھیجنی ہوں گی۔
ہماری دعا ہے کہ ہم وہ لوگ بن سکیں جو موجودہ حکومتوں کے خلاف ہیں۔

یاد رکھیے: کہ ہم دوسروں کو نہیں تبدیل نہیں کر سکتے۔ ہم صرف اپنے آپ کو تبدیل کرسکتے ہیں
چنانچہ آئیں ہم رویوں کے اپنی روز مرہ کی زندگی میں اپنے جسم کو حصہ بنائیں اور ہم وہ تبدیلی لائیں جو ہم دنیا میں دیکھنا چاہتے ہیں۔

رویوں کے لیے حلف

میں وہ تبدیلی لاؤں گا/ گی جو میں دنیا میں دیکھنا چاہنتا/ چاہتی ہوں۔

1. میں دل سے غریبوں کے ساتھ پہچانا جاؤں گا/گی۔
2. میں دنیا میں انصاف کے لیے فریاد کروں گا/گی۔
3..میں غصہ کروں گا/گی لیکن جارہیت نہیں کروں گا/گی۔
4. میں انصاف کا طلب گار بنوں گا/گی حتیٰ کہ اپنے دشمنوں سے بھی۔
5.میں ان سب سے ہمدردی کروں گا/گی جو ضرورت مند ہیں۔
6.میں کاملیت کے لیے کام کروں گا/گی نہ کہ شہرت کے لیے۔
7.میں تشدد میں بھی امن کے لیے کام کروں گا/گی۔
8. میں دوسروں کو مصبیت میں ڈالنے کی بجائے خود تکلیف پرداشت کروں گا/گی۔

دستخط-------------------------------تاریخ-------------------------------
انتباہ:
ہمیں رویوں کو سنجیدگی سے لینا چاہیے
لیکن ہمیں اپنے آپ کو زیادہ سنجیدگی سے نہیں لینا چاہیے۔